# 5231 ـ بلیوں کو خنزیر کا گوشت کھلانا

### سوال

بلیوں کے لیے تیار شدہ کھانے کے ڈبے خنزیر کے گوشت پر مشتمل ہوتے ہیں، کیا اسے خرید کر بلیوں کو کھلانا جائز ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

اگر تو یہ بند ڈبے کی خریداری کے لیے ہے تو یہ جائز نہیں، کیونکہ خنزیر کے گوشت کی قیمت ادا کرنی اور اسے خریدنا جائز نہیں، اور اگر وہ کھانے کا ڈبہ گرا ہوا ملے تو اگر کوئی اسے بلی کو کھلا دے تو اس میں کوئی حرج نہیں.